# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ سیکنڈری ٹیچر ایجوکیشن)

| |
|---|
| **وارننگ** |
| **عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ** |

| | |
|---|---|
| 1 | اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی مشق کسی دوسرے طلبہ علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سر ٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔ |
| 2 | کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" کی پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کورس: | تدریس اردو | 1659 | | سمسٹر: | بہار 2026 |
| سطح: | ADE / بی ایڈ | | | | |

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

ہدایات برائے طلبا میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز

تمام سوالات کے جوابات کورس کی کتاب اور متعلقہ یونٹس کی روشنی میں تحریر کریں۔

| | |
|---|---|
| 1 | تمام سوالات کے جوابات کورس کی کتاب اور متعلقہ یونٹس کی روشنی میں تحریر کریں۔ |
| 2 | سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ |
| 3 | مقررہ تاریخ کے بعد تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی |
| 4 | اسائنمنٹ کمپیوٹر پر ٹائپ کر کے Word یا PDF صورت میں LMS پر اپ لوڈ کریں۔ |
| 5 | غیر متعلقہ بحث، معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| کل نمبر: | 100 | کامیابی کے نمبر: | 50 |

### امتحانی مشق نمبر 1

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1 | اردو کی تدریس کے مقاصد، اہمیت اور ضرورت پر تفصیلی بحث کریں۔-نیز وضاحت کریں کہ ابتدائی اور ثانوی سطح پر اردو کی مؤثر تدریس طلبہ کی علمی، لسانی اور سماجی نشوونما میں کس طرح مدد دیتی ہے؟ | (20) |
| سوال نمبر 2 | اردو زبان کی تدریس میں استاد کا کردار واضح کریں۔ ایک مؤثر اردو استاد میں کون سی پیشہ ورانہ، لسانی اور تدریسی خصوصیات ہونی چاہئیں؟ مثالوں کی مدد سے بیان کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر 3 | اردو پڑھنا سکھانے کے مختلف مراحل بیان کریں۔ ابتدائی جماعتوں کے بچوں میں درست تلفظ، روانی، فہم اور دلچسپی پیدا کرنے کے لیے استاد کون سی تدریسی سرگرمیاں استعمال کر سکتا ہے؟ | (20) |
| سوال نمبر 4 | اردو لکھنا سکھانے کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ خوش خطی، املا، جملہ سازی اور تحریری اظہار کی تدریس کے لیے مؤثر طریقہ کار تحریر کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر 5 | اردو کی تدریس میں پڑھنے اور لکھنے کی مہارتوں کے باہمی تعلق کا جائزہ لیں۔ واضح کریں کہ ایک استاد کلاس روم میں ان دونوں مہارتوں کو مربوط انداز میں کیسے فروغ دے سکتا ہے؟ | (20) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| کل نمبر: | 100 | کامیابی کے نمبر: | 50 |

# امتحانی مشق نمبر2

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر1 | اردو سننا اور بولنا سکھانے کی اہمیت بیان کریں۔ طلبہ میں درست سماعت، درست تلفظ، گفتگو، مکالمہ اور اظہارِ خیال کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے مناسب سرگرمیاں تجویز کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر2 | تدریسِ اردو کے مختلف طریقوں کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ روایتی طریقۂ تدریس اور جدید سرگرمی پر مبنی طریقۂ تدریس کے فوائد اور حدود واضح کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر3 | سمعی و بصری اعانات کی تعریف، اہمیت اور اقسام بیان کریں۔ اردو کی تدریس میں چارٹ، تصاویر، آڈیو، ویڈیو، فلیش کارڈز اور دیگر تعلیمی وسائل کے مؤثر استعمال پر بحث کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر4 | سبق کی منصوبہ بندی کی ضرورت اور اہمیت واضح کریں۔ اردو کے ایک سبق کے لیے مقاصد، سابقہ علم، تدریسی مراحل، سرگرمیوں اور جائزہ پر مشتمل ایک نمونہ سبقی خاکہ تیار کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر5 | اردو کی تدریس میں جائزہ اور امتحان کے کردار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ تشخیصی، تکوینی اور مجموعی جائزہ کی وضاحت کریں اور اردو زبان کی مہارتوں کے جائزہ کے لیے مناسب طریقے تجویز کریں۔ | (20) |